# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 07 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷/فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ہماری ترقی کا ماڈل ملک سب سے پہلے ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ مہاراشٹر دفاعی پیداوار کی پالیسی بنانے والی پہلی ریاست ہے: وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع؛ دفاعی شعبے میں مشہور کمپنیوں کے ساتھ پانچ مفاہمتی قرارداد۔

☆ ریاستی حکومت کی کوئی بھی اسکیم بند نہیں کی جائے گی: نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا ناندیڑ کے جلسۂ عام میں بیان۔

☆ کھیت کے راستے بند کرنے والوں کے خلاف مجرمانہ مقدمات درج کرنے کے وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کُڑے کے احکامات۔

اور۔۔۔☆ پہلے ایک روزہ کرکٹ مقابلے میں بھارت کی انگلینڈ کے خلاف چار وِکٹوں سے فتح۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل راجیہ سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ملک پہلے ہماری حکومت کی ترقی کا نمونہ ہے اور یہ مطمئن کرنے پر نہیں بلکہ اطمینان پر مرکوز ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی عوام نے اس ترقیاتی نمونے کی حمایت کی ہے۔

*”2014 کے بعد دیش نے ہمیں سیوا کرنے کا اَوسر دیا۔ دیش دوسری بار، تیسری بار ہمیں سیوا کرنے کی مہورت بناتی ہے۔ اس کا کارن دیش کی جنتا نے ہمارے وکاس کے ماڈل کو پرکھا ہے، سمجھا ہے اور سمرتھن دیا ہے۔“*

وزیرِ اعظم نے کہا کہ صدر کا خطاب مستقبل کیلئے رہنماء ہے۔ یہ بتاتے ہوئے کہ مرکزی حکومت نے اسکل ڈیولپمنٹ، اقتصادی شمولیت اور صنعت کاری پر توجہ مرکوز کی ہے انھوں نے مُدرا یوجنا، غریبوں کیلئے ریزرویشن، تعلیم، روزگار جیسے کئی مسائل پر تبصرہ کیا۔ اس کے بعد راجیہ سبھا کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

**** **** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ مہاراشٹر پہلی ریاست ہے جس نے دفاعی پیداوار کی پالیسی بنائی ہے۔ وہ کل پونہ کے چاکن میں نبے لمیٹڈ کی سالگرہ تقریب میں نبے ڈیفنس اینڈ ایرو اسپیس لمیٹڈ کے جدید ترین میزائیل کمپلیکس اور چھوٹے ہتھیاروں کی تیاری کی سہولت کے افتتاح اور شرڈی میں اس کے سنگِ بنیاد کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر مہاراشٹر حکومت نے دفاعی شعبے میں معروف کمپنیوں کے ساتھ پانچ مفاہمت ناموں پر دستخط کیے۔ پھڑنویس نے کہا کہ آج ہمارا ملک دفاعی میدان میں بہترین کارکردگی کی طرف بڑھ رہا ہے کیونکہ مرکزی حکومت نے ملک میں ایجاد کرنے والوں کو مواقع اور پلیٹ فارم فراہم کیے ہیں۔ اس موقع پر نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار، وزیرِ صنعت اُدئے سامنت موجود تھے۔

دریں اثناء، پمپری چنچوڑ میونسپل کارپوریشن علاقے میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد بھی وزیرِ اعلیٰ نے کل کیا۔ اس وقت انھوں نے متنبہ کیا کہ صنعتی افراد کو پریشان کرنے والوں کے خلاف مکوکا کے تحت کارروائی کی جائیگی۔

**** **** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ریاستی حکومت کی طرف سے شروع کی گئی کسی بھی اسکیم کو بند نہیں کیا جائے گا۔ وہ کل ناندیڑ میں اسمبلی انتخابات کے بعد ووٹروں اور لاڈلی بہنوں کا شکریہ ادا کرنے کیلئے منعقدہ جلسۂ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ شندے نے کہا کہ مہایوتی حکومت مراٹھواڑہ کی قحط زدہ کے طور پر شناخت کو ختم کرنے کیلئے بند اسکیموں کو دوبارہ شروع کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھواڑہ کیلئے گیارہ آبپاشی اسکیموں کو منظوری دی گئی ہے۔ انھوں نے اپنے دورِ اقتدار کے پچھلے ڈھائی سال کے دوران کیے گئے کاموں کے بارے میں بتایا۔

وزیرِ اعلیٰ کے دورِ اقتدار میں رُکے ہوئے منصوبوں کو آگے بڑھایا گیا۔ اسی طرح عوام پر مبنی فلاحی اسکیموں کو شروع کیا۔ لاڈلی بہن اسکیم اور لاڈلا بھائی اسکیم اور کسانوں کے بجلی کے بل معاف کیے گئے۔ کسان سمّان اسکیم تیار کی گئی اور نوجوانوں کو تربیتی الاؤنس، بزرگ شہریوں کیلئے ویوشری اسکیم انھوں نے اس موقع پر یاد دلائی۔

دریں اثناء اس جلسۂ عام کے بعد نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے شندے نے سمرڈھی ہائی وے کی طرز پر شکتی پیٹھ کی مخالفت ہونے کا اندیشہ ظاہر کیا۔ انھوں نے کہا کہ جہاں مخالفت ہوگی وہاں کام نہیں ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کُڑے نے کھیت کے راستے بند کرنے والوں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ گذشتہ روز منعقدہ میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ جس میں شیو پانند اور کھیت کے راستوں کی افزودگی کے حوالے سے شہریوں سے تجاویز طلب کی گئیں۔ باون کُڑے نے ریاست میں تمام شیو پانند اور کھیت راستوں کی حدود کا تعین کرنے اور ان کے کاموں کو معیاری طریقے سے مکمل کرنے کی بھی ہدایت دی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

راحت اور باز آبادکاری کے وزیر مکرند جادھو پاٹل نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے ریاست میں زیادہ بارش، ژالہ باری، سیلاب، قحط جیسی قدرتی آفات سے متاثرہ کسانوں اور دیگر طبقات کو 592 کروڑ 34 لاکھ 90 ہزار روپئوں کی امداد دی ہے۔ پانچ لاکھ 39 ہزار 605 مستحقین کے بینک اکاؤنٹ میں یہ رقم جمع کیے جانے کی اطلاع انھوں نے دی۔ ان میں چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کیلئے چار لاکھ 83 ہزار 883 مستفیدین کو 514 کروڑ 85 لاکھ روپئوں کی امداد دی گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت نے کل ناگپور میں انگلینڈ کے خلاف پہلا ون ڈے مقابلہ چار وِکٹوں سے جیت لیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت نے انگلینڈ کے 249 رنوں کے ہدف کا تعاقب 39 ویں اوور میں چھ وِکٹوں کے نقصان پر عبور کرلیا۔ شبھمن گل نے 87، شیرلیس ایئر نے 59 رنز بنائے۔ سیریز کا دوسرا مقابلہ 9 تاریخ کو اڈیشہ کے شہر کٹک میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیل مقابلوں کے تیراندازی کے رِیکروزمرے میں کل مہاراشٹر کے سُکمنی بابریکر اور گاتھا کھڑکے نے مکس زمرے میں فتح حاصل کی، جبکہ مہاراشٹر کی خواتین تیرانداز دستے نے مشترکہ رِیکروزمرہ میں فتح درج کی۔ ان مقابلوں میں مہاراشٹر 19 سونے کے، 36 چاندی اور 33 کانسے کے تمغوں سمیت تقریباً 88 تمغوں کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔

***** ***** *****

بزرگ کھیل اور فلمی نقاد مصنف دُوارکا ناتھ سنجھ گری کی آج دادر کے ایک شمشان گھاٹ میں آخری رسومات ادا کی جائیں گی۔ سنجھ گری طویل علالت کے بعد گذشتہ روز انتقال کر گئے تھے۔ان کی عمر 74 برس تھی۔ نائب وزیرِ اعلیٰ شندے، وزیرِ کھیل دتاترے بھرنے' نے سنجھ گری کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں مہاراشٹر جیونونتی ابھیان (UMED) مہم کے تحت خواتین بچت گروپوں کے ذریعہ تیار کردہ مصنوعات کی نمائش کا افتتاح کل ضلعے کے رابطہ وزیر پرتاپ سرنائیک کے ہاتھوں بذریعۂ ویڈیو کانفرنسنگ عمل میں آیا۔ بچت گروپس کی معرفت ضلعے کی خواتین سے ذاتی ترقی کر کے معاشی خود مختار بننے کی اپیل رابطہ وزیر نے کی۔اس موقعے پر ضلع پریشد کے سی ای او مینا ک گھوش بھی موجود تھے۔نمائش کے بارے میں معلومات دیتے ہوئے گھوش نے بتایا کہ اس نمائش میں 150 اسٹالز لگائے گئے ہیں اور نہ صرف دھاراشیو ضلع بلکہ بیرون اضلاع کے بھی تقریباً پندرہ اسٹالز نمائش میں موجود ہیں۔انھوں نے کہا کہ تقریباً 20 لاکھ ہمارا ہدف ہے، لیکن توقع ہے کہ ہم اس بار بیس لاکھ سے آگے بڑھیں گے اور پچیس لاکھ تک پہنچ جائیں گے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے بھوکر شہر میں 10 سے 23 فروری تک ہاتھوں اور پیروں پر سوجن کی بیماری کے خاتمے کیلئے خصوصی مہم چلائی جائے گی۔اس مناسبت سے، کل بھوکر کے دیہی اسپتال میں ڈاکٹرس، نرس اور آنگن واڑی کارکنان کے تربیتی اجلاس میں، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر پرتاپ چوہان نے حاضرین کی رہنمائی کی۔اس مہم کے تحت ڈی ای سی اور البینڈ ازول گولیاں فراہم کی جائیں گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں محکمہ صحت کی جانب سے قبل از پیدائش جنس کی تشخیص (PCPNDT) اور طبی اسقاط حمل (MTP) قوانین پر سختی سے عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ صنفی مساوات اور عوامی بیداری کیلئے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں، اور عوام سے اس سلسلے میں آگے بڑھ کر صنفی مساوات اور دُختر کشی کی روک تھام کیلئے تعاون کرنے کی اپیل، ضلع سرجن ڈاکٹر دھننجے چاکور کرنے کی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے دھرماپوری میں گیان سادھنا فارمیسی کالج اور ذیلی علاقائی ٹرانسپورٹ دفتر کی جانب سے کل راستہ تحفظ اور ٹریفک قوانین سے متعلق ایک معلوماتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر معاون علاقائی ٹرانسپورٹ آفیسر آشیش پراشر نے طلباء کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

پیٹھن میں واقع ناتھ ساگر آبی ذخیرے کے دامن میں پرانے کاوَسان میں گوداوری ندی سے ریت کی غیر قانونی نکاسی میں ملوث افراد کے خلاف پولس نے کارروائی کی۔ ایڈیشنل ضلع کلکٹر اروند لوکھنڈے کی قیادت میں ایک دستے نے نصف شب اس جگہ پر چھاپہ مار کر ایک ہائیوا، ایک یاری مشین اور ایک لوڈر ضبط کیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ہماری ترقی کا ماڈل ملک سب سے پہلے ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ مہاراشٹر دفاعی پیداوار کی پالیسی بنانے والی پہلی ریاست ہے: وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع؛ دفاعی شعبے میں مشہور کمپنیوں کے ساتھ پانچ مفاہمتی قرار۔

☆ ریاستی حکومت کی کوئی بھی اسکیم بند نہیں کی جائے گی: نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا ناندیڑ کے جلسۂ عام میں بیان۔

☆ کھیت کے راستے بند کرنے والوں کے خلاف مجرمانہ مقدمات درج کرنے کے وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کُڑے کے احکامات۔

اور۔۔۔☆ پہلے ایک روزہ کرکٹ مقابلے میں بھارت کی انگلینڈ کے خلاف چار وکٹوں سے فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****